مقالہ ہذا کو تین ابواب و نو فصول میں تقسیم کیا ہے۔ ہر باب تین فصول پر ہے۔ باب اول کا عنوان قلقشندی کا تعارف پر ہے۔ اس کی فصل اول قلقشندی کا زمانہ، فصل دوم قلقشندی کے حالات زندگی اور فصل سوم قلقشندی کے علمی آثار پر مشتمل ہے۔

باب دوم مآخذ سیرت اور صبح الاعشیٰ کے تعارف پر ہے۔ فصل اول میں روایتی مآخذ سیرت، فصل دوم میں غیر روایتی مآخذ سیرت جبکہ فصل سوم میں صبح الاعشیٰ کا تعارف ہے۔

باب سوم صبح الاعشیٰ میں مباحث سیرت پر ہے۔ فصل اول میں واقعات سیرت کو لکھا گیا ہے۔ فصل دوم واقعات سیرت کے تجزیاتی مطالعہ اور فصل سوم امتیازات و خصائص درباب سیرت پر مشتمل ہے۔